## مضمون۔ اردو برائے جماعت ہشتم

## پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور 2021-22

### فہرست


| نمبر شمار | عنوانات |
| --- | --- |
| ۱ | حمد |
| ۲ | نعت |
| ۳ | درد دِل کے واسطے پیدا کیا انسان کو |
| ۴ | پاکستان کے چند اہم تہوار |
| ۵ | شہری دفاع |
| ۶ | لانس نائیک لال حسین شہید |
| ۷ | حضرت عمر بن عبدالعزیز |
| ۸ | تفریح کی اہمیت |
| ۹ | لا اِلٰہ الا اللہ |
| ۱۰ | مناظرِ پاکستان |

# سلیبس برائے اردو (الف) جماعت ششم

## پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور 2020-21

| نمبر شمار | سبق عنوان |
|---|---|
| 1 | حمد |

مندرجہ ذیل اشعار کا مطلب آسان اُردو میں لکھیے۔

ٹوٹ کر آسمان سے تارے
شب کو گرتے ہیں جیسے انگارے
وہم کرتے ہیں لوگ بے چارے
میں نہ گھبراؤں خوف کے مارے
کیونکہ میرا خدا ہے میرے ساتھ

ہو بیاباں میں گزر میرا
یا سمندر پہ ہو سفر میرا
دور رہ جائے مجھ سے گھر میرا
رہے پھر بھی قوی جگر میرا
کیونکہ میرا خدا ہے میرے ساتھ

مشق:

سوالات کے مختصر جوابات دیں۔

الف: کون سا عمل ہونے پر لوگ وہم کرتے ہیں؟

ب: کن حالات میں شاعر کا جگر قوی رہتا ہے؟

مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

اُجالا۔ پیڑ۔ خطر۔ سحر۔ شب

| 2 | نعت |
|---|---|

نعت مندرجہ ذیل اشعار کا مطلب آسان اُردو میں لکھیے۔

بزم کونین سجانے کے لئے آپ ﷺ آئے
شمعِ توحید جلانے کے لیے آپ ﷺ آئے

ایک پیغام جو ہر دل میں اُجالا کر دے

ساری دنیا کو سنانے کے لیئے آپ ﷺ آئے۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

الف: نبی کریم ﷺ کون سا پیغام سُنانے کے لئے آئے؟

ب: حضرت محمد ﷺ کون سی بزم سجانے کے لئے تشریف لائے؟

مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

بزم کونین، بھٹکے ہوئے، توحید، شمع، مرکز

دیئے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

الف: اللہ تعالیٰ کو وحدانیت کا پیغام اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا ایک ہی مفہوم ہے

(شمع توحید، شمع ہدایت)

ب: بزمِ کونین سے مُراد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی زندگی ہے۔(دنیا، دنیا وآخرت)

ج: ایک پیغام سے شاعر کی مراد۔۔۔۔۔۔۔ہے۔ (قرآنی تعلیمات، صرف ایک بات)

## دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو

پیراگراف:۔

مدینہ منورہ میں خشک سالی کا دور دورہ ہے۔لوگ شدید قحط میں مبتلا ہیں۔اسی دوران ملک شام سے غلے کے لدے ہوئے ایک ہزار اونٹ قطار در قطار مدینے کی کی حدود میں داخل ہوتے ہیں۔مدینہ منورہ کے تاجروں کے چہرے خوشی سے تمتما اُٹھتے ہیں۔اوران کے دلوں میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔اُن سب کی یہ خواہش ہے کہ یہ غلہ خرید لیا جائے اور پھر منہ مانگے داموں فروخت کر کے زیادہ سے زیادہ نفع کمایا جائے یہ غلہ کے کہ اونٹ حضرت عثمان ذوالنورین ؓ کے ہیں۔جن کا شمار مدینے کے بڑے تاجروں میں ہوتا ہے مدینے کا ہر تاجر آپ ؓ کے پاس دوڑا آتا ہے تا کہ وہ زیادہ سے زیادہ غلہ خرید لے اور خوب نفع کمائے حضرت عثمان ؓ ہر ایک سے باری باری پوچھتے ہیں کہ وہ کتنا منافع دے گا؟ ہر ایک آپ ؓ کو دوگنا نفع دینے کی پیش کش کرتا ہے۔ اس پر آپ ؓ کہتے ہیں کہ یہ بہت ہی کم ہے۔ مجھے اس ے زیادہ نفع مل رہا ہے۔سبھی تاجر حیران ہو کر آپ ؓ سے پوچھتے ہیں کہ ہم سے پہلے نہ تو کوئی اِدھر آیا اور نہ ہی ہم نے کسی کو آتے دیکھا آخر وہ کون ہے جو آپ ؓ کو اس سے بھی زیادہ نفع دے رہا ہے۔حضرت عثمان غنی ؓ کہتے ہیں کہ وہ میرا اللہ ہے جس نے مجھ سے وعدہ کر رکھا ہے وہ ایک کے بدلے میں دس دے گا۔

مشق:

مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

اپاہج، اشرف المخلوقات، غنی، حاجت، دام

**سوالات کے مختصر جوابات دیں۔**

الف: حضرت عثمان غنی ؓ کو تاجروں نے کتنے نفع کی پیش کش کی تھی۔

ب: حضرت عثمان غنیؓ کو زیادہ سے زیادہ نفع کہاں سے مل رہا تھا؟

ج: طالب علم ایک دوسرے کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

**درست جواب کی نشاندہی (   ) سے کریں۔**

الف: ملک شام سے غلے کے لدے ہوئے اونٹ مدینے آئے۔

(ا) ایک ہزار (۲) دو ہزار

(ج) تین ہزار (۴) چار ہزار

ب: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے غزوہ تبوک کے موقع پر اپنا مال راہِ خدا میں پیش کیا۔

(ا) ایک چوتھائی (۲) ایک تہائی

(ج) تین ہزار (۴) پورا

ج: حضرت عثمان غنیؓ کو تاجروں نے نفع کی پیش کش کی۔

(ا) دو گنا (۲) تین گنا

(ج) چار گنا (۴) دس گنا

**سوال: مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر اس کے آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیئے۔**

ہمیں اپنے اردگرد گلی محلے میں ضرورت مند نظر آتے ہیں۔ان کی خاطر خواہ مدد کرنی چاہیے۔غریبوں۔مسکینوں اور اپاہجوں کو کھانا کھلا کر اُن کی مدد کی جا سکتی ہے۔غریب خاندانوں کو مالی مدد کر کے اُن کی ضرورت پوری کی جا سکتی ہے۔ ہمارے معاشرے میں بہت سے ایسے بچے ہیں جو غربت کی وجہ سے سکول نہیں جا سکتے ہم انہیں تعلیم دلوا کر معاشرے کا کار آمد شہری بنا سکتے ہیں۔

**سوالات**

ا: ہمیں اپنے اردگرد کون نظر آتے ہیں؟

۲: ان کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

۳: کن کن لوگوں کو کھانا کھلا کر ان کی مدد کی جا سکتی ہے؟

۴: ہمارے معاشرے میں بہت سے بچے کس وجہ سے سکول نہیں جا سکتے ؟

۵: تعلیم دلوا کر انہیں کیسا شہری بنا سکتے ہیں؟

# پاکستان کے چند اہم تہوار

**پیرا گراف:۔**

ہمارا پیارا ملک پاکستان ایک ایسی اکائی ہے جس مین مختلف ثقافتوں اور تہذیبوں کا رنگ شامل ہے۔اس کی مثال ایک رنگا رنگ گلدستے کی ہے۔ ہر پھول اتنی جدا گانہ حثیت کے حامل ہونے کے باوجود گلدستے سے کسی طرح الگ نہیں پاکستان کے علاقوں پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے علاوہ متعدد قبائلی علاقوں اور ایجنسیوں کا الگ الگ رہن سہن ہے اس انفرادیت کے باعث ان کی زبانیں پہناوے اور رسم و رواج ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن اسلامی نظریہ کی وحدت نے انہیں ایک لڑی میں پرو دیا ہے عقیدے اور نظریے کے اشتراک نے ان کے درمیان ایک ایسا مضبوط رشتہ پیدا کر دیا ہے کہ وہ مختلف ہوتے ہوئے بھی ایک دکھائی دیتے ہیں۔ پاکستانی تہذیب میں ان سب کا رنگ شامل ہے۔ پاکستان تہذیب کو بنانے اور نکھارنے میں اسلامی تہواروں اور روایات کا بڑا اہم کردار ہے۔ مذہبی تہواروں میں شب برآت، شب معراج، عید الفطر، عید الاضحٰی یومِ عاشورہ اور جشنِ میلاد النبی ﷺ خاص اہمیت کے حامل ہیں۔اسی طرح غیر مسلموں کے مذہبی تہوار کرسمس، وغیرہ اور دیوالی وغیرہ شامل ہیں مذہبی تہواروں کے علاوہ قومی اور علاقائی تہوار بھی پاکستانی تہذیب وثقافت کا اہم حصہ ہیں۔ یہ تہوار لوگوں کے درمیان محبت اور اخوت کا رشتہ مضبوط کرتے ہیں اور ان کے لیے کاروبار اور تفریح کا ذریعہ بنتے ہیں۔

مشق:

**مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

آشنا، پوشاک، تہذیب، تہوار، دستکاری، رہن سہن

**سوالات کے مختصر جوابات دیں۔**

الف: پاکستان کی تہذیب وثقافت کیسی ہے؟

ب: کوئی سے چار مسلمانوں کے مذہبی تہواروں کے نام لکھیں۔

ج: کوئی سے چار غیر مسلموں کے مذہبی تہواروں کے نام لکھیں۔

کالم (الف) میں دیئے گئے الفاظ کو کالم (ب) میں دیئے گئے متعلقہ الفاظ سے ملائیں

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| شیند ور | اعلیٰ نسل کے جانور |
| میلہ مویشیاں | اسلام آباد |
| شب برآت | عرس اور میلے |
| لوک ورثہ میلہ | پولو میچ |
| پاکستانی تہذیب و ثقافت | مذہبی تہوار |
| صوفیا کے مزار | ایک رنگا رنگ گلدستہ |

## شہری دفاع

**پیراگراف:۔**

ابا جان نے اُسے بتایا کہ اس کے لیے اُسے ابتدائی طبی امداد کی تربیت لینا اور مشقیں کرنا پڑیں گی۔ ابتدائی طبی امداد کے لیے حکومت نے محکمہ شہری دفاع قائم کر رکھا ہے۔ یہ ادارہ کسی بھی حادثے کی صورت میں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتا ہے۔ شہری دفاع کے ادارے نے ابتدائی طبی امداد کی تربیت کا فراہم کرنے کا معقول انتظام کر رکھا ہے۔ ہر صحت مند شخص کو رضا کارانہ طور پر اس کی تربیت حاصل کرنی چاہیے۔ اگر کسی کے کپڑوں میں آگ لگ جائے تو دونوں ہاتھوں سے چہرے کو ڈھانپ لے اور زمین پر لوٹنا شروع کر دے۔ اگر کوئی دوسرا آدمی پاس ہو تو جلنے والے کے جسم پر کمبل، رضائی کھیس، دری یا کوئی موٹا کپڑا ڈال دے اور اسے زمین پر لوٹانا شروع کر دے۔ آگ والے شخص کو بھاگنا نہیں چاہیے۔ ورنہ اس سے آگ اور زیادہ بھڑک اُٹھے گی۔

**مشق:**

**سوالات کے مختصر جوابات دیں۔**

الف: محکمہ شہری دفاع کس لیے قائم کیا گیا ہے؟

ب: اگر کسی کے کپڑوں میں آگ لگ جائے تو فوری طور پر کیا کرنا چاہیے؟

**درست جواب کی نشاندہی (   ) سے کریں۔**

الف: شہر میں بم دھماکہ ہوا تھا۔

(ا) بڑی مارکیٹ　　(۲) بڑی سڑک

(ج) بڑی مسجد میں　　(۴) بڑی منڈی میں

ب: حامد کے ابا جان شہر کے بڑے ہسپتال میں تھے۔

(ا) ڈاکٹر　　(۲) مریض

(ج) ڈسپنسر　　(۴) چوکیدار

ج: ابتدائی طبی امداد کی تربیت دینے کے لیے حکومت نے محکمہ قائم کر رکھا ہے۔

(ا) پولیس کا　　(۲) تعلیم کا

(ج) فائر بریگیڈ کا　　(۴) شہری دفاع کا

د: ڈوبنے والے کے جسم سے پانی نکالا جاتا ہے۔

(ا) اُلٹا لِٹا کر　　(۲) سیدھا لٹا کر

(ج) بٹھا کر　　(۴) کھڑا کر کے

ہ: مرہم پٹی کے سامان اور ایمرجنسی ادویات والے باکس کو کہتے ہیں۔

(ا) بلیک باکس　　(۲) ریڈ باکس

(ج) فسٹ ایڈ باکس　　(۴) پبلک ایڈ باکس

**کالم (الف) میں دیئے گئے الفاظ کو کالم (ب) میں دیئے گئے متعلقہ الفاظ سے ملائیں**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| مصنوعی | گھنٹی |
| تازہ | قوم |
| فون | ہوا |
| ہسپتال | طریقے |
| ملک | ایمرجنسی |

## لانس نائیک لال حسین شہید

**پیراگراف:۔**

لال حسین چوکی میں داخل ہو گئے اور پھر رینگتے رینگتے دشمن کے خندقی مورچے پر دستی بم پھینکنے شروع کر دیے۔ دشمن اِس اچانک حملے سے گھبرا گیا۔ لال حسین اور اس کے ساتھیوں نے تاک تاک کر نشانے پر بم پھینکے اور مورچے میں موجود دشمنوں کا صفایا کر دیا۔ انہوں نے بہادری اور بے خوفی کا مظاہرہ کر کے اپنی چوکی کو خالی کرا لیا۔ موت کے وقت اُس کے آخری الفاظ یہ تھے ''اے اللہ تیرا شکر ہے میں نے اپنا فرض

پورا کر دیا'' لانس نائیک لال حسین شہید نے فرض شناسی اور جرات و بہادری کی جو مثال پیش کی ہے قوم اُسے کبھی فراموش نہیں کر سکے گی جرات کے اس اعلیٰ کارنامے پر حکومت نے اسے تمغائے جرات دیا۔ اللہ ایسی نیک روحوں کے درجات بلند فرمائے۔آمین

مشق:

مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

پیش قدمی،صفایا کرنا،جرات،فراموش کرنا۔بوچھاڑ

سوالات کے مختصر جوابات دیں۔

الف: 1965ء کی جنگ پاکستان کی تاریخ میں کس لیے اہمیت کی حامل ہے؟

ب: لال حسین نے چوکی پر پہنچ کر کیا کیا؟

ج: مرتے وقت لال حسین کی زبان پر کون سے الفاظ تھے؟

د: حکومت پاکستان نے لال حسین شہید کو کس اعزاز سے نوازا؟

## حضرت عمر بن عبدالعزیز

پیراگراف:۔

حضور رسالت مآب ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ،حضرت عمر فاروقؓ،حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریمؓ یکے بعد دیگرے مسلمانوں کے خلیفہ منتخب ہوئے۔ان چاروں خلفاء کا دور عہدِ رسالت کے بعد امن،سلامتی،عدل و انصاف،اور اسلامی احکامات کے نفاذ کا بہترین دور ہے۔تاریخ اسلام میں یہ عرصہ خلافت راشدہ کا دور کہلاتا ہے۔اس کے بعد کچھ عرصہ انتشار اور بدامنی کا زمانہ رہا۔حتیٰ کہ واقعہ کربلا جیسا اندوہ ناک واقعہ بھی اسی زمانے میں پیش آیا۔تاہم اسلام کو پھر ایک ایسا متقی انسان خلیفہ راشد کے طور پر میسر آیا کہ جس نے خلافت راشدہ کے دور کی یاد تازہ کر دی یہی وجہ ہے کہ ان کے عہد خلافت کو خلافت راشدہ کے دور ہی کی توسیع کہا گیا ہے اور عمدہ حکمرانی کی وجہ سے انہیں حضرت عمر فاروقؓ سے تشبیہ دیتے ہوئے ''عمر ثانی'' کا خطاب بھی دیا گیا۔یہ ہستی تاریخ اسلام میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے نام سے جانی اور پہچانی جاتی ہے۔

درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

عبرت۔متقی۔وصیت۔توسیع۔فلاح و بہبود

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

الف: خلفائے راشدین کے دور کو کہا جاتا ہے؟

ب: عمر ثانی کا خطاب کس کو دیا گیا؟

ج: خلفائے راشدین کے نام لکھیں؟

درست جواب کی نشاندہی (  ) سے کریں۔

الف: عمل منیر ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔ درست/غلط

ب: حضرت عمر بن عبدالعزیز نے بیت المال کا پیسہ اپنی ذات پر خرچ کیا۔ درست/غلط

ج: حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے ملازموں کو اپنے احترام میں کھڑا ہونے سے روک دیا۔ درست/غلط

د: بنوامیہ کے طبقے کے امراء آپؒ سے سخت ناخوش اور نالاں تھے۔ درست/غلط

ہ: اسلام کا خلیفہ منتخب ہونے سے قبل آپ فقیری کی زندگی گزارتے تھے۔ درست/غلط

## تفریح کی اہمیت

پیراگراف:۔

فرح: فرحت راحت اور تفریح، ان سب الفاظ کی اصل ایک ہے، معنی ہیں سکھ، آرام اور خوشی جس کام سے انسان کو سکھ، چین اور خوشی ملتی ہو وہ راحت اور تفریح والا کام ہے۔تفریحص ہمارے لیے بہت ضروری ہے اس سے تھکاوٹ دور ہوتی ہے اور بدن میں چستی آ جاتی ہے۔اکتاہٹ اور بیداری ختم ہو جاتی ہے۔الغرض اس سے بہت فائدے حاصل ہوتے ہیں۔تفریح سے مراد صرف سیر وغیرہ ہی نہیں بلکہ ورزش اور کھیل کود بھی تفریح کا حصہ ہیں۔کھیل کود سے بھی انسان تازہ دم ہو جاتا ہے۔دماغی اور جسمانی کاموں کی وجہ سے جو تھکاوٹ اور اکتاہٹ ہوتی ہے وہ دور ہو جاتی ہے۔انسان تازہ دم ہو جاتا ہے۔ انسان کی صحت کے لیے ورزش بھی بہت ضروری ہے اگر انسان کی صحت ٹھیک نہ ہو وہ بیمار ہو تو پھر وہ دنیا کی کسی نعمت سے بھی لطف اندوز نہیں ہو سکتا ہے نہ کھیلوں میں حصہ لے سکتا ہے لیکن ہم ضمنی طور پر نہیں بتا سکتے کہ جمیل ایک کام میں فرصت محسوس کرے وہی کام نسیم کے لیے پریشان کن ہو۔

مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیے اور ان کو جملوں میں استعمال کریں۔

سکھ، فرصت، راحت، نعمت، مزاج

مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

بزم کونین، بھٹکے ہوئے، توحید، شمع، مرکز

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

الف: تفریح کے کیا معنی ہیں؟

ب: کھلی فضا میں جانے سے کیا ہوتا ہے؟

ج: مسلسل کام کرتے رہنے کا اثر کیا ہوتا ہے؟

د: حیوانوں سے زیادہ کام لیں تو کیا ہوگا۔

نظم لا الہ الا اللہ

شعر

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

سوال: ڈاکٹر محمد اقبال نے مردِ مومن کو کیا پیغام دیا ہے؟

درج ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

وہم، زماں، تلاش

الف: یہ دور اپنے ابراہیمؑ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تلاش میں ہے۔

ب: کلمہ حق پر ایمان ہر قسم کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وگمان مٹا دیتا ہے۔

ج: تلوار کی تیزی اور کاٹ کے لے جو آلہ استعمال ہوتا ہے اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

د: دینِ اسلام کی رو سے کلمہ حق کی اطاعت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ومکاں کی محتاج نہیں۔

## مناظر پاکستان

**پیراگراف:۔**

کراچی میں یوں تو اور بھی کئی دیکھنے کی جگھیں ہیں۔ مثلاً مزارِ قائد کی منفرد عمارت اور اس کے گرد باغات کی خوبصورتی دل کو بھاتی ہے۔ لیکن سمندری مناظر کو دیکھنے میں بڑا لطف آتا ہے مثلاً منوڑہ تک موٹر بوٹ کا سفر دل میں جوش پیدا کر دیتا ہے سمندر میں کشتی کے سفر کا تجربہ بڑا عجیب ہوتا ہے چاروں طرف بے حد گہرا پانی اس میں اٹھتی ہوئی لہریں، کشتی کا ہچکولے کھانا۔ یہ سب مناظر لطیف تو دیتے ہیں لیکن ایسا

لطف! جس میں خوف کی آمیزش ہے کہ کہیں کشتی الٹ گئی تو کیا ہوگا؟ ہمارے ملک کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں بڑے شان دار قدرتی مناظر ہیں۔ ہمارے تہذیبی ورثے کی عکاسی کرنے والی عمارتیں اور تفریحی مقامات ہیں گوادر اور سبی وغیرہ کی بندرگاہیں ہیں۔ بڑے بڑے وسیع میدانی علاقے اور پہاڑ ہیں۔زیارت جیسے سرسبز مقامات ہیں۔ بہت سے ایسے مناظر ہیں کہ دیکھنے والا دیکھتا رہ جائے۔

**درست اور غلط کی نشاندہی (     ) سے کریں۔**

الف: صحرائی مناظر بھی حسین ہوتے ہیں۔ درست/غلط

ب: عظیم الشان مسجد نواب محمد بہاول خان عباسی نے تعمیر کروائی۔ درست/غلط

ج: ہم پاکستانی بحیثیت قوم اپنے تہذیبی ورثے کی حفاظت سے غافل نہیں ہیں۔

درست/غلط

د: سمندر کے کنارے کھڑے ہوں تو ہمیں دور تک پانی نظر نہیں آتا۔ درست/غلط

ہ: قلعہ دراوڑ کی بلند و بالا اور شان دار فصیل ابھی تک قائم ہے۔ درست/غلط

# اردو (ب) جماعت ہشتم

## 1۔ مضامین:

10 سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

ہمارا اسکول، میرا بہترین دوست، قائداعظم، ہمارا استاد

## 2۔ درخواست :

بیماری کی رخصت کی درخواست

ضروری کام کے لئے رخصت کی درخواست

## 3۔ خط

والد کے نام پیسے منگوانے کے لئے خط

## 4۔ کہانیاں

لالچی کتا، انگور کھٹے ہیں۔

## 5۔ واحد جمع

شعر ، قوم ،شخص، ادب، فوج، یوم، عدد، فرد، قول، فرض، حال، کاغذ، فقیر، مضمون، تصویر، تقریر، امیر، خطرہ، عادت، اخبار، تحفہ، مسجد، منظر، مسئلہ، مدرسہ، طلباء، مکان، معلم

## 6۔ مذکر مونث

باپ، میاں، بادشاہ، ضعیف، ماموں، بھائی، والد، مالک، معلم، لڑکا، بچہ، دادا، خالو، نانا، سنار خادم، بوڑھا، شوہر، مور، بندر چوہا، کتا، ہاتھی، اونٹ شیر، چیونٹیاں

## 7۔ متضاد الفاظ

اندھیرا، امیر، آسان، جنت، خوشی، دھوپ، زمین، طاقتور، نفع، نفرت، اچھا، صبح، سچ اصل، اونچا، دکھ، پاس، میٹھا، گرم، دن، نیک، سفید، فائدہ، زندہ، عام

## 8۔ مترادف الفاظ

آرام، گندم، خوشی، پتلا، دوست، دکھ، ذلت، سکھ، ذوق، نادم، نزدیک، مشکل، شجر، آس، ناز، حرارت، احمق، اداس، بزدل، آسمان، ظلمت، لکھنا

فعل کی حالتیں (ماضی، حال، مستقبل) کی تعریف کریں اور مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔

مندرجہ ذیل جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کریں۔

۱۔ آسمان پر بادل ہیں۔۲۔ آمنہ پڑھی لکھی خاتون ہے۔۳۔ کتاب میز پر ہے۔ ۴۔ اسلم گھر پر تھا۔
۵۔ یہ گاڑی کراچی جائے گی۔۶۔اب بہار کا موسم ہے۔۷۔یہ آم میٹھا ہے۔۸۔آج روزہ ہے۔
۹۔ آج گھر کی صفائی ہے۔۱۰۔ شیر پنجرے میں ہے۔۱۱۔مس نسیم کمرہ جماعت میں ہے۔۱۲۔ باغ میں فوارہ ہے۔
۱۳۔ گاؤں میں سڑک ہے۔۱۴۔ شام ہوچکی ہے۔۱۵۔آج بدھ ہے۔۱۶نوکر سودالایا۔۱۷۔آج چاند نکلا ہے۔
۸۱۔ریگستان میں بارش ہوتی ہے۔۹۱۔ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔۰۲۔بارش ہورہی ہے۔

# سلیبس برائے حساب جماعت ہشتم

## پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور 22-2021 مابعد

فہرست


| نمبر شمار | عنوان |
|---|---|
| 1 | سیٹوں پر عوامل |
| 2 | حقیقی اعداد |
| 3 | مالیاتی حساب |
| 4 | کثیر رقمی جملے |
| 5 | جیومیٹری کے بنیادی تصورات |

## یونٹ نمبر 1 سیٹوں پر عوامل

ا۔سیٹ کی تعریف کریں۔

۲۔اہم سیٹ اور انکی علامتوں کی پہچان لکھیں۔

۳۔خالی سیٹ کی پہچان اور علامت لکھیں۔

۴۔تحتی سیٹ کا تصور بیان کریں۔

۵۔پاور سیٹ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

۶۔ڈی مارگن کے قوانین بیان کریں۔

**درست جواب پر کا نشان لگائیں۔**

**مندرجہ ذیل میں سے کون سا سیٹ نہیں ہے؟**

ا۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا سیٹ نہیں ہے؟

الف۔ {1,2,3}　　ب۔ {a,b,c}

ج۔ {2,3,4}　　د۔ {1,2,3-2}

۲۔ سیٹ{0} کے تحتی سیٹوں کی تعداد کتنی ہے؟

الف۔ ایک　　ب۔ دو

ج۔ تین　　د۔ چار

۳۔ X کے تمام تحتی سیٹوں پر مشتمل سیٹ کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ تحتی سیٹ　　ب۔ یونیورسل سیٹ

ج۔ پاور سیٹ　　د۔ سپر/فوقی سیٹ

نیچے دیے ہوئے سیٹوں کے تمام تحتی سیٹ لکھیں۔

i. B={ 1,3,5} اور A = {e,f,g}

ii {a,b,c} کا پاور سیٹ لکھیں

## یونٹ نمبر 2 حقیقی اعداد

ا۔غیر ناطق اعداد کی تعریف لکھیں۔

۲۔حقیقی اعداد کی تعریف لکھیں۔

۳۔مربعے کی تعریف کریں۔

**مشق نمبر 2.2**

| | | |
|---|---|---|
| i. 7 | ii. 11 | iii. 19 |
| iv. 25 | v. 37 | vi. 75 |

مندرجہ ذیل سوالات کا جذر بذریعہ مفرد تجزی معلوم کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| i. 784 | ii. 1225 | iii. 2500 |
| iv. 4225 | v. 5184 | vi. 7744 |

**مشق نمبر 2.4**

درج ذیل کسورِ عام کا جذر بذریعہ مفرد تجزی معلوم کیجئے۔

i. $\frac{49}{64}$ ii. $\frac{121}{625}$ iii. $\frac{196}{441}$

iv. $1\frac{13}{36}$ v. $\frac{676}{729}$

**مشق نمبر 2.8**

ا۔ایک مربعی کھیت کا رقبہ 14400 مربع میٹر ہے۔اس کے ضلع لمبائی معلوم کریں۔

۲۔ایک مربع کھیت کا رقبہ 422500 مربع میٹر ہے۔اس ک گرد باڑ لگانے کے لیے کتنی لمبی رسی درکار ہوگی۔

درست جواب کے گرد کا نشان لگائیں۔

ا۔ حقیقی اعداد کن اعداد پر مشتمل ہوتے ہیں۔

الف۔ ناطق اور غیر ناطق اعداد کا فرق ب۔ ناطق اور غیر ناطق اعداد کا تقاطع سیٹ

ج۔ ناطق اور غیر ناطق اعداد کو یونین سیٹ د۔ قدرتی اعداد کے سیٹ کا کمپلیمنٹ سیٹ

۲۔ کون سا عدد مکمل مربع ہے؟

الف۔ 25.6 ب۔ 0.256

ج۔ 2.56 د۔ 2560

۳۔ 0.9 کا مربع کس کے برابر ہے؟

الف۔ 0.81 ب۔ 8.10

ج۔ 0.081 د۔ 81.0

## یونٹ نمبر 3۔ مالیاتی حساب

۱۔ تناسب کی تعریف لکھیں۔

۲۔ تناسب کی اقسام تناسب راست اور تناسب معکوس کی تعریف کریں۔

۳۔ تناسب مرکعب کی تعریف کریں۔

### مشق 4.1

۱۔ 30 آدمی 6 گھنٹے روزانہ کام کر کے 56 دن میں ایک سڑک کی مرمت کرتے ہیں معلوم کیجئے کہ 45 آدمی 7 گھنٹے روزانہ کام کر کے کتنے دنوں میں مرمت کر سکیں گے؟

۲۔ ایک 8 میٹر لمبے اور 3 میٹر چوڑے قالین کی قیمت 6288 روپے ہے بتایئے 12 میٹر لمبے اور 6 میٹر چوڑے قالین کی قیمت کیا ہوگی؟

۳۔ 70 آدمی 150 میٹر لمبی دیوار کو 12 دنوں میں مکمل کر لیتے ہیں 600 میٹر لمبی دیوار 30 دنوں میں کتنے آدمی مکمل کر لیں گے؟

۴۔ 10 آدمی 8 دنوں میں 400 سائیکلیں تیار کر سکتے ہیں بتایئے 5 آدمی 16 دنوں میں کتنی سائیکلیں تیار کریں گے۔

### مشق 4.2

۱۔ کاروباری شراکت کی تعریف لکھیں۔

۲۔ اسلم اور اکرم نے ایک کاروبار بالترتیب 27000 روپے اور 30000 روپے لگا کر شروع کیا ایک سال کے بعد انھیں 66500 روپے نفع ہوا ہر ایک کا نفع میں حصہ معلوم کریں۔

۳۔ آمنہ اور مریم نے ایک کاروبار بالترتیب 30000 روپے اور 40000 روپے لگا کر شروع کیا ایک سال بعد انہیں 8400 روپے نفع ہوا ہر ایک کا نفع میں حصہ معلوم کریں۔

۴۔ دو شراکت داروں نے کاروبار شروع کیا پہلے شراکت دار نے 4000 روپے 9 ماہ کے لیے اور دوسرے نے 3000 روپے 7 ماہ کے لیے لگائے انکے درمیان 11590 روپے نفع کی رقم تقسیم کریں۔

۵۔ سعد، صعود اور سعید نے بالترتیب 12000 روپے 18000 روپے اور 24000 روپے سے ایک کاروبار شروع کیا ایک سال کے بعد انہیں 13500 روپے نقصان ہوا ہر ایک کا نقصان میں حصہ معلوم کریں۔

سوال: وراثت کی تعریف کریں۔

### مشق 4.3

۱۔ ایک آدمی 240000 روپے ترکہ چھوڑ کر انتقال کر گیا اس کے ورثا میں 6 بیٹیاں اور 2 بیٹے ہیں ترکہ میں سے ہر ایک کا حصہ معلوم کریں اگر بیٹے کا حصہ بیٹی سے دوگنا ہے۔

۲۔ اللہ دتہ 850000 روپے ترکہ چھوڑ کر انتقال کر گیا یہ رقم اس کی بیوی، دو بیٹوں اور ایک بیٹی میں تقسیم کریں جبکہ کفن دفن کا کل خرچہ 50000 روپے تھا۔

**مشق 4.8**

سوال: انکم ٹیکس کی تعریف کریں۔

سوال: قابل ٹیکس آمدنی کی تعریف لکھیں۔

**مندرجہ بالا کے مطابق دیے گئے سوالات کے جواب دیں۔**

سوال: ایک شخص کی سالانہ آمدنی 420000 روپے ہے 5% کے حساب سے انکم ٹیکس معلوم کریں۔

سوال: ایک شخص کی سالانہ آمدنی 1085000 روپے ہے 10% کے حساب سے انکم ٹیکس معلوم کریں۔

**یونٹ نمبر 4۔ کثیر رقمی جملے**

سوال: کثیر رقمی جملے کی تعریف لکھیں۔

سوال: الجبری جملے کی تعریف کریں۔

سوال: مستقل، تغیر، حرفی مقدار اور الجری جملہ کی پہچان لکھیں۔

سوال: یک درجی کثیر رقمی بیان کریں۔

**جائزہ مشق**

**سوال 1: درست جواب کے آگے کا نشان لگائیں۔**

ا۔ الجبرا میں 4x+2y+3z کو کا ی کہیں گے۔

الف۔ الجبری جملے — ب۔ غیر مساوات

ج۔ مساوات — د۔ علامت

۲۔ حروف تہجی جو مختلف قیمتیں لے سکتا ہے کیا کہلاتا ہے۔

الف۔ مستقل — ب۔ متغیر

ج۔ رقم — د۔ عدد

۳۔ 2x - 3y + 4z میں متغیرات کی تعداد بتائیے۔

الف۔ 2 — ب۔ 3

ج۔ 5 — د۔ 4

۴۔ متغیرات کو کس طرح سے ظاہر کیا جاتا ہے؟

الف۔ اعداد                ب۔ مستقلات

ج۔ حروف تہجی                د۔ حرفی مقداریں

۵۔ Biquadratric الجبری جملے کتنے درجے کی رقمی ہے۔

الف۔ ایک                ب۔ دو

ج۔ تین                د۔ چار

## یونٹ نمبر 5۔ جیومیٹری کے بنیادی تصورات

سوال: متوازی خطوط کی تعریف لکھیں۔

سوال: کثیر الاضلاع اشکال اور ان کی تعریف لکھیں۔

## جائزہ مشق

### سوال 1: درست جواب کے آگے کا نشان لگائیں۔

ا۔ متوازی خطوط کی کیا خوبی ہے۔

الف۔ یکساں فاصلے پر رہتے ہیں                ب۔ ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔

ج۔ ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں۔                د۔ یکساں فاصلہ پر نہیں رہتے

۲۔ مبادلہ اندرونی زاویے کیسے ہوتے ہیں۔

الف۔ متماثل                ب۔ سپلیمنٹری

ج۔ کمپلیمنٹری                د۔ نابرابر

۳۔ تین یا تین سے زیادہ اضلاع والی وادہ بند مستوی شکل کو کیا کہتے ہیں۔

الف۔ کثیر الاضلاع                ب۔ دائرہ

ج۔ مخروط                د۔ مخروطی مینار